وزیراعظم کا بنگلہ دیش کا سرکاری دورہ (6 تا 7 جون، 2015)

26 مئی، 2015 (آئی این ایس انڈیا)

بنگلہ دیش کی وزیراعظم عزت مآب شیخ حسینہ کی دعوت پر وزیراعظم جناب نریندر مودی 6 تا 7 جون، 2015 کو بنگلہ دیش کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزیراعظم کا بنگلہ دیش کا یہ پہلا دورہ عکاسی کرتا ہے کہ ہندوستان دوطرفہ تعلقات کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ امید ہے کہ اس دورے سے دونوں مما لک کے درمیان خوشگوار اور تعاون پر مبنی رشتوں میں مزید توسیع ہوگی اور ہندوستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوستی اور اعتماد کے رشتے مزید مضبوط ہوں گے۔

سفر کے دوران، وزیراعظم نریندر مودی وزیراعظم عزت مآب شیخ حسینہ کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم کے پروگرام میں بنگلہ دیش کے صدر عالی جناب مسٹر محمد عبدالحامد سے ملاقات بھی شامل ہے۔

نئی دہلی

26 مئی، 2015